سوال

(835)نافرمان بیوی کے اخراجات برداشت کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی نے شادی کی، ان کا ملاپ بھی ہوگیا، شوہر اسے باقاعدہ خرچ دے رہا ہے مگر وہ نافرمان ہے۔ پھر اس کا والد اسے شوہر کی اجازت کے بغیر ہی سفر پر بھی لے گیا ہے۔ تو ان دونوں پر کیا واجب ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر باپ اپنی بیٹی کو اس کے شوہر کی اجازت کے بغیر سفر پر لے گیا ہے تو اس کے لیے (باپ کے لیے) تعزیر ہے (یعنی تعدیبی و تنبیہی سزا ہے)، اور ایسے ہی اس عورت کے لیے بھی تعزیر ہے بشرطیکہ اسے باپ سے انکار ممکن تھا۔ اور سفر کی صورت میں اس کے لیے خرچ نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 590

محدث فتویٰ